RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۱ھ ہجری مطابق ۱۴ مئی سنہ ۱۸۹۴ء عیسوی	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	حکم اجلاس کامل	
۱	اضافہ مشاہرہ صاحب چیف انجنیر بہادر۔	۱ و ۲
	روبکار وسرکلر صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۲	ہدایت بابت گرداوری پٹواریان نسبت تحصیل کار متعلقہ خود۔	۲
۳	سرکلر نسبت [illegible] کسی ملازم شفاخانہ سے	۲
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۴	دربارہ قاعدہ واپسی کاغذات شمول مثل۔	۳
۵	روبکار [illegible] بلحاظ وصول یا عدم وصول زر جرمانہ	۳ و ۴
۶	رخصت صاحب اسسٹنٹ جج [illegible] ضلع۔	۴
	حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل	
۷	ماموری سید عبدالرزاق بعہدہ پیشکاری صاحب سکرٹری بہادر	۴
[illegible]	نقشہ جات [illegible] نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

حکم اجلاس کامل واقعہ ۳۰ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا نمبری ۲۴۴ مورخہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء موسومہ نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی بذریعہ تحریر صاحب ایجنٹ بہادر نمبری $\frac{۴۵۲}{۲۰۳-۲۲}$ آر مورخہ ۳ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء کہ نقل اوسکی شامل حکم ہٰذا ہے اس مضمون سے موصول ہوئی کہ بموجب چٹھی نمبری ۱۰۸۹ مورخہ ۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء نوشتہ صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل آف ریجنسی اضافہ ایک سو روپیہ ماہانہ صاحب چیف انجنیر بہادر منظور کیا گیا

لہذا کونسل یہ ... ایک سو ... روپیہ ماہانہ صاحب چیف انجینیر بہادر
من ابتدای ۹ ستمبر سنہ ۱۸۹۳ء منظور کرتی ہے۔
مثل بنابر اجرای احکام باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
مرسل ہو۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جلد جاری ہون۔
۶ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۶ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

ہر تحصیل مین دو قانونگوے گرداور موجود ہین اسواسطے کہ ہمیشہ گشت کرکے کاغذات پٹواری کو صحیح کراتے رہین اور فصلین مین بوقت مناسب گشت کرکے پڑتال کرتے رہین لیکن اوسکا نتیجہ اب تک کچھ بھی اچھا نہین معلوم ہوتا قانونگویان گرداوری کاہلی روزافزون ہے غور کرنے سے اوسکا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ تحصیلدار صاحبان کافی توجہ نہین کرتے بلکہ کبھی کبھی اونکو اس قسم کا کام سپرد کیا جاتا ہے کہ اونکے فرایض منصبی مین خود اوسی کام کے سبب سے ہرج ہوتا ہے قانونگوے کا ہرگز کام نہین ہے کہ رسد کا سرانجام کرے یا اور کوئی کام متفرق تحصیل کا کرے اسکے لیے اور بہت اہلکار ہین اونکا روزنامچہ برابر دیکھنا چاہیے اور اونکو خوب تاکید و تنبیہ کرنا چاہیے اور اونکی باگ ذرا بھی ڈھیلا ہو جانے سے کام مین ابتری ہوگی اور کاغذات دیہی جو بہت محنت سے مرتب ہوئے ہین سب خراب ہونگے صدر قانونگوے سے بھی جیسے امید نگرانی کی تھی وہ کچھ پوری نہین ہوئی۔ روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور تحصیلدار و قانونگویان مطلع ہون اور گرداور قانونگو کو واضح ہو کہ اگر ایسا ہی حال رہا تو اونکا عہدہ قائم نہ رہیگا

سرکلر نمبر ۳۷ اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مجریہ ۷ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

شکایت گذری ہے۔ ایک تحصیل کی بابت۔ کہ کہار شفاخانہ انگریزی سے بطور بیگار کام لیا گیا۔ لہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ کسی شفاخانہ سے آیندہ مزاحمت نہ کیجاے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۰ ؍ اپریل ۱۸۹۴ء

دربارۂ قاعدہ واپسی کاغذات شمولہ مثل پیش کردہ فریق مقدمہ بعدالت فوجداری حسب استصواب مفتی صاحب فوجداری ضلع۔

محکمہ جات مین یکسان کارروائی ہونا مناسب ہے محکمہ جات فوجداری مین بھی یہی کارروائی ہونا چاہیے جیسا کہ صاحب مولف قانون کی رای ۲۵ ؍ فروری ۱۸۹۳ء مین مندرج ہے مگر فوجداری کی اون مثلون مین یہ کارروائی ہونا چاہیے جسمین دستاویزات ایسی شامل ہون جنکی نقل رکھنا ضروری ہو اور نفس مقدمہ پر اوسکا اثر پڑتا ہو تو اصل کاغذ بوساطت صاحب جج بہادر عدالت فوجداری کو بھیجا جاے اور گزٹ مین بھی شائع کیا جای۔

تجویز صاحب جج بہادر

میری راے مین بنسبت محکمہ فوجداری بھی یہی عملدرآمد ہونا چاہیے جیسے صاحب مولف قانون کی رامی مورخہ ۲۵ ؍ فروری ۱۸۹۳ء سے باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو بعد منظوری اسکا شیوع گزٹ مین بھی ہوجانا چاہیے۔ المرقوم ۲۶ ؍ اپریل ۱۸۹۴ء

راے صاحب مولف قانون

میری رای تو بنسبت کارروائی دیوانی و فوجداری کے بھی یہی ہے جو پیشگاہ خاص بہادر جناب ریونیو ممبر صاحب بہادر سے منظور و شائع ہوئی ہے مگر بنظر تکمیل ضابطہ پیشگاہ خاص بہادر و جناب جوڈیشل ممبر صاحب بہادر سے استصواب و استرشاد ہونا مناسب ہے کہ آیا کاغذات بجنسہ جوابا صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع کی خدمت مین مرسل ہون۔ المرقوم ۲۲ ؍ اپریل ۱۸۹۴ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نسبت رپورٹ جیلر واقع ۲ ؍ مئی ۱۸۹۴ء

ہمکو اس رپورٹ سے اتفاق ہے گزٹ مین شائع کیا جاے اور اسی کے موافق وارنٹ قید مرتب ہوا کرے۔

رپورٹ جیلر ریاست رامپور

جناب عالی دام اقبالہ

اکثر وارنٹ قید عدالتوں مین صادر ہوتے ہین کہ جسمین میعاد قید اصل اور کسیقدر بعوض جرمانہ تحریر ہوتی ہے اور اوسوقت تک زر جرمانہ وصول نہین ہوتا ہے لیکن جیسے وارنٹ قید پر تحریر ہوتا ہے کہ بعد اختتام اصل میعاد چھوڑ دو لیکن بجاے اصل یہ عبارت اوسجگہ تحریر ہونا چاہیے کہ اگر زر جرمانہ وصول ہو تو فلان تاریخ تک قید رکھو اور اگر وصول نہو تو فلان تاریخ تک ورنہ اوسکی رہائی مین غلطی ہوجانیکا احتمال رہ جاتا ہے اوسکی کیفیت وارنٹ منسلکہ سے صاف واضح ہوگی اگر میری درخواست حضور کی راے مین مناسب ہو تو درج گزٹ کیجاوے اور

ایک ایک نقل اسکی ہر ایک عدالتوں مین روانہ کیجاوے واجب تھا عرض کیا المرقوم ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۹۴ع

ملخص حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۳ مئی سنہ ۱۸۹۴ع

یادداشت صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع بدرخواست رخصت یکماہ رعایتی بغرض سرانجام کار شادی دختر خود مع تجویز صاحب جج بہادر پیش ہوکر حسب رائے صاحب جج بہادر تجویز ہوا کہ معمولاً صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ کی جگہ پر صاحبزادہ اشفاق حسین خان آنریری مجسٹریٹ بزمانہ رخصت کام انجام دین۔

حکم اجلاس جناب صاحب سکرٹری بہا کونسل

۵ مئی سنہ ۱۸۹۴ع

آج رپورٹ بخشی فوج مع روبکار اجلاسی صاحبزادہ محمد عبد الصمد خان بہادر مہتمم شادی حضور پرنور پیش ہوئی جس مین تبدیلی سید عبد الرزاق پیشکار جرنیلی جسکے ذریعہ سے اونکی تبدیلی ہوکر روانگی دفتر فوجداری کا حکم ہوگیا تہا اور بعد کو یہ ہمارے پاس مامور کئے گئے تہے پیش ہوئی۔ لیکن چونکہ پہلے سے یہ انتظام تقسیم جوڑہ بارشادی سرکار مین کام کرتے تہے اسواسطے مہتمم صاحب شادی نے انکا نام اپنے دفتر مین رکہا تہا اور چالیس روپیہ ماہوار یوم تبدیلی جرنیلی سے تنخواہ مقررہ بہی دفتر شادی سے برابر انکو دی۔ اب تاریخ ۱۱ اپریل بوجہ ختم کام شادی فارغ ہوکر یہ پیشکاری اجلاس ہذا مین حسب الحکم زبانی مامور ہوگئے اور جملہ کام انجام کرتے ہین۔ بس دفتر مین واقعی ابتک انکی تنخواہ کے علدرآمد کے بابت کوئی حکم جاری نہین ہوا ہے۔ بوجہ کارکردگی پیشکاری اس اجلاس کے اب تنخواہ بہی انکو گیارہ اپریل سے ہمارے دفتر سے ملنا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

تاریخ ۱۱ اپریل سے سید عبد الرزاق پیشکار کو چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ مقررہ سابق ہمارے دفتر سے دیجاوے اور نام بعہدہ پیشکاری صیغہ ہذا درج کیاجاوے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور نقل اسکی بہیج گزٹ حسب معروضہ بخشی فوج کر دیجاوے۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ لغایت ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	بخار	[illegible]	میزان	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۵	۷	۱	۱۴	۲۷	۶	۳۱	۶	۵	۰	۵	۲	۳	۱۳	۱۲	۸	۱۶	۰	۶	۱۸	۰	۲۴	۰
ملک	۴	۲۴	۵	۷	۳۰	۹	۳۱	۱۱	۶	۰	۰	۱۷	۷	۲۸	۱۳	۱۲	۲۹	-	۱	۳۰	۲۰	۴۱	۰
سوار	۷	۶	۹	۱۰	۳۲	۱۶	۱۶	۵	۷	۰	۰	۸	۱۳	۱۳	۲۰	۱۹	۱۴	۰	۰	۰	۱۳۳	۳۳	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۱۳	۹	۶	۹	۳۷	۱۹	۱۸	۵	۱	۵	۵	۱۰	۶	۲۰	۱۲	۱۵	۱۷	۰	۰	۰	۳۲	۲۰	۰
میزان	۲۹	۴۰	۲۱	۴۰	۳۶	۵۰	۸۶	۲۷	۱۹	۵	۱۰	۴۱	۳۸	۷۳	۵۷	۵۴	۷۶	۰	۷	۳۸	۸۵	۱۳۰	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ لغایت ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۴ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۱۷ار	۰۱۸ار	۰	۰	۰۱۷ار	۰	تحصیل ملک و سوار و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰۲۱ار	۰۲۴ار	۰	۰	۰۲۵ار	۰	
نخود کسہ آمیز	۰۲۴ار	۰۲۶ار	۰	۰	۰۳۰ار	۰	
جو	۰۲۷ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰۱۶ار	۰۱۶ار	۰	۰	۰۱۶ار	۰	
مونگ	۰۱۸ار	۰۱۶ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جنجی	۰۳۲ار	۰۳۰ار	۰	۰	۰۳۳ار	۰	
کوجی	۰۲۶ار	۰۲۳ار	۰	۰	۰۲۲ار	۰	
عدس	۰۳۲ار	۰۲۴ار	۰	۰	۰۲۵ار	۰	
ارہر	۰۲۲ار	۰۳۵ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰۱۱ار	۰۱۰ار	۰	۰	۰۱۰ار	۰	
روغن زرد	۰۱/۱۱ار	۰۱/۱۱ار	۰	۰	[illegible]	۰	
روغن کنجد	۰۳ار	۰۰۴ار	۰	۰	۰۳ار	۰	
روغن سیاہ	۰۱/۰۲ار	۰۰۲ار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰۷ار	۰۰۷ار	۰	۰	۰۸ار	۰	
نمک لاہوری	۰۷ار	۰۶ار	۰	۰	۰۶ار	۰	
قند سیاہ	۱۱ار	۱۱ار	۰	۰	۱۳ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور